۱۔ ''رسمیاتِ مقالہ نگاری''

مؤلفہ: پروفیسر ڈاکٹر معین الدین عقیل

ناشر: پاکستان اسٹڈی سینٹر، جامعہ کراچی

صفحات: ٦٢

مبصر: ڈاکٹر شاہ انجم، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج، حیدرآباد۔

پیشِ نظر تالیف اُردو کے معروف اسکالر پروفیسر ڈاکٹر معین الدین عقیل صاحب کے ایک مفید تحقیقی مقالے کی کتابی صورت ہے۔ اس مقالے میں سماجی علوم، فنون اور ادبیات کے شعبوں میں عالمی سطح پر اختیار کیے جانے والے جدید تر تحقیقاتی منہج (Research Methodology) کو اُردو میں متعارف کرایا گیا ہے۔

فاضل مؤلف نے اپنی ''معروضات'' میں بجا فرمایا ہے کہ اُردو میں اب تک ''رسمیاتِ تحقیق'' کے حوالے سے ڈاکٹر نجم الاسلام مرحوم (متوفی ۲۰۰۱ء) کے مقالے ''رسمیاتِ مقالہ نگاری'' کے سوا اور کوئی قابلِ ذکر کاوش نظر نہیں آتی۔ اگر دیکھا جائے تو فاضل مؤلف نے نہ صرف زیرِ تبصرہ مقالے کے لیے مذکورہ عنوان کا انتخاب کر کے اپنے ایک پیش رو فاضل محقق کی یاد تازہ کردی ہے بلکہ باوقار انداز سے ان کی کاوشوں کا تذکرہ کر کے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین بھی پیش کیا ہے۔ اب مقالے کے مشمولات کی طرف آتے ہیں:

یہ مقالہ درج ذیل سات عنوانوں پر مشتمل ہے:

۱۔ معروضات ۲۔ تاریخی پس منظر

۳۔ رسمیاتِ مقالہ نگاری ۴۔ آخری بات

۵۔ فہرست اسنادِ محولہ: ایک نمونہ

۶۔ تربیتی/تدریسی نصاب برائے تحقیق: ایک خاکہ

۷۔ ضمیمہ: چند اہم اصطلاحات کی تشریح

مندرجہ بالا تقریباً سبھی عنوانات مزید ذیلی عنوانوں پر منقسم ہیں۔ مقالے کی پیش کش میں قابلِ ذکر سلیقے سے کام لیا گیا ہے۔ اس کے مندرجات کی بابت یہ کہنے میں ہرگز باک نہیں کہ واقعی یہ کتاب اُردو میں تحقیقی مقالہ نگاری کے جدید تر اور سائنٹیفک اصولوں پر مشتمل ہے۔ خصوصاً کمپیوٹری ترتیب، کتابت اور پیش کش کے سلسلے میں بھی رہ نمائی فراہم کی گئی ہے۔ چناں چہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ مقالہ ایک مبتدی سے